آئی ایل او کنونشن ۱۹۰

ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کے خلاف

یہ زندگیاں بدل سکتا ہے

ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کہیں بھی پیش آسکتی ہے - آن لائن، ملازمت کی فطری دنیا میں، دوران سفر، ملازموں کے کھانے، پینے اور استراحت کی جگہوں پر، یا جہاں وہ اپنی صحت یا صفائی کی ضروریات کے لئے جاتے ہیں، اسی طرح معاشرتی اجتماعات میں بھی۔

ہم اسے روک سکتے ہیں!

جون 2019 میں بین الاقوامی لیبر کانفرنس نے ایک انقلابی بین الاقوامی ٹول، کنوینشن 190 (C190) اور تجویز 206(R206) منظور کرکے ملازمت کی جگہوں پر تشدد اور ہراسانی کی روک تھام کےلئے ایک بڑا قدم اٹھایا۔

یہ نیا کنوینشن سبھی طرح کے ملازمین کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے، خواہ ان کے معاہدے کی حیثٔت کچھ بھی ہو; وہ نو آموز ہوں، زیر تربیت ہوں، ان کی ٹریننگ چل رہی ہو، یا ان کی ملازمت ختم کر دی گئی ہو، رضاکار ہوں، یا نوکری کی تلاش میں ہوں۔

- اسی طرح اس کنوینشن میں صنف پر مبنی تشدد پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ملازمت کی جگہوں پر تشدد اور ہراسانی سے خواتین کے متاثر ہونے کا تناسب غیر متوازن طور سے زیادہ ہے۔
- یہ کنوینشن پبلک، نجی سیکٹر، اور دیہی و شہری، رسمی و غیر رسمی معیشت کے تمام شعبوں کا احاطہ کرتا ہے۔
- اس کا دائرہ کار ملازمت کی پوری دنیا ہے، جو کہ حقیقی ملازمت کی جگہ سے کہیں زیادہ وسیع ہے۔
- کنونشن 190 میں کسی کو نظر انداز نہیں کیا گیا ہے۔

کنوینشن ۱۹۰ کیوں اہم ہے؟

- ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔
- یہ پہلا بین الاقوامی معیار ہے جس کا مقصد ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کا خاتمہ ہے۔
- یہ کنوینشن مانتا ہے کہ تشدد اور ہراسانی سے پاک ملازمت کی دنیا ہر فرد کا حق ہے۔
- یہ کنونشن قومی قوانین میں موجود خلاؤں کو پر کرے گا۔

آئیے ہم کنوینشن ۱۹۰ کی توثیق کے لئے مہم چلائیں

یونین کی حیثٔت سے ہمیں اس کنونشن کو کاغذ سے حقیقت میں تبدیل کرنے کے لئے اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔
ہمیں مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ممبر حکومتیں اس کنوینشن کی توثیق کریں اور اسے اپنے اپنے ملک کے قانون کا حصہ بنائیں۔

یونینیں کیا کرسکتی ہیں:

- بیداری پیدا کریں اور یونین کے ممبران کے لئے بالخصوص اور پورے معاشرے کے لئے بلا تفریق تعلیم فراہم کریں۔
- ہر ملک میں کنوینشن ۱۹۰ کی توثیق کے لئے فعال طریقے پر مہم چلائیں۔
- ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کے مسئلے پر لوگوں کو متحرک کریں۔
- ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کے خاتمے کے لئے دیگر ٹریڈ یونینوں، قومی مراکز، غیر حکومتی تنظیموں اور بالخصوص حقوق نسواں کی علم بردار جماعتوں کے ساتھ اتحاد قائم کریں۔
- کنوینشن کی توثیق کی وکالت کے لئے ڈھانچے تیار کریں۔

مہم کے لئے مزید مواد آپ یہاں سے حاصل کرسکتے ہیں۔

آئی ڈی ڈبلیو ایف: www.idwfed.org/en/campaigns/c190
انڈسٹریال: www.industriall-union.org/women-0
آئی ایف جے www.ifj.org/what/gender-equality.html
یو این آئی گلوبل یونین: www.breakingthecircle.org
پی ایس آئی: www.publicservices.international/campaigns/stop-gender-based-violence-at-work?id=5676&lang=en
آئی یو ایف: www.iuf.org/show.php?lang=en&tid=82

کنوینشن190 اور ٹریڈ یونینیں - یہ ہمارا ہتھیار ہے اور ہمیں اس کا استعمال کرنا چاہئے

رویوں میں تبدیلی اور صنفی مساوات کا فروغ

کنوینشن ۱۹۰ کے تحت:

- بشمول گھریلو تشدد، صنف پر مبنی تشدد اور ہراسانی کو ملازمت کے دوران صحت اور سلامتی کے بینادی دھارے میں شامل کرنا ہوگا۔
- مالکان کو تشدد اور ہراسانی کی روک تھام کے لئے ٹریڈ یونینوں کے مشورے سےاقدامات کرنے اور پالیسیاں بنانی ہوں گی۔
- یہ کنوینشن حکومتوں کو ملازمت کی دنیا میں تشدد و ہراسانی، اور صنف پر مبنی تشدد کے موضوع پر ٹریڈ یونیوں کو وسائل اور ٹریننگ فراہم کرنے کا پابند کرتا ہے۔

کنوینشن ۱۹۰ ٓئی ایل او کے دو ممبر ممالک کی طرف سے توثیق کے ۱۲ مہینوں کے بعد نافذ العمل ہوگا، مگر ٹریڈ یونینوں کو توثیق کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ ملازمیں کی زندگی بہتر بنانے کے لئے ہمیں اس ضابطہ کا استعمال پہلے ہی شروع کردینا چاہئے۔

آئی ایل او کنوینشن

کنوینشن ۱۹۰ ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی سے لڑنے کے لئے ٹریڈ یونینوں کو مہمیز فراہم کرتا ہے۔

چلئے اب ہم اس کو عمل میں لائیںَ!

- منظم کوششوں اور اجتماعی گفت و شنید کے ذریعے مساوات اور عدم امتیاز کو فروغ دیں۔
- ممبران کو ملازمت کی دنیا میں تشدد اور ہراسانی کے بارے میں بتائیں۔
- ممبران کے درمیان کنوینشن 190 اور اس کی اہمیت کے سلسلے میں بیداری پیدا کریں۔ سی 190 زندگی کا رخ موڑنے والا کنوینشن ہے، جو لاکھوں ملازمین کے لئے ملازمت کے محفوظ ماحول کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگا، اور تشدد و ہراسانی، بالخصوص صنف پر مبنی تشدد کی تمام شکلوں کو جڑ سے اکھاڑنے میں مدد کرے گا۔
- اجتماعی گفت و شنید معاہدوں میں کنونشن 190 \ تجویز 206 (C190/R206) ضابطوں سے ماخوذ زبان کا استعمال کریں۔
- صحت اور سلامتی پالیسیوں میں تشدد و ہراسانی، خاص طور پر صنف پر مبنی تشدد کی شمولیت کو یقینی بنانے کے لئے مالکان کے ساتھ مل کر کام کریں۔
- ملازمت کی دنیا میں تشدد و ہراسانی کی روک تھام کے لئے عالمی فریم ورک معاہدوں سے متعلق گفت و شنید میں کنونشن ۱۹۰ \تجویز ۲۰۶ (C190/R206) ضابطوں سے ماخوذ زبان کو شامل کرانے کے سلسلے میں گلوبل یونین فیڈریشنوں کی کوششوں کو تقویت پہونچائیں۔

تشدد اور ہراسانی کیا ہے؟

- تشدد اور ہراسانی کی تعریف میں ناقابل قبول طرزِ عمل، طور طریقوں اور دھمکیوں کی مخلتف شکلیں شامل ہیں، جو ایک دفعہ بھی پیش آسکتی ہیں اور کئی دفعہ بھی، جن کا مقصد، یا جن کا نتیجہ جسمانی، نفسیاتی، جنسی اور معاشی نقصان ہوتا ہے یا ہو سکتا ہے۔
- تشدد اور ہراسانی جسمانی استحصال سے زیادہ سنگین ہے۔ جنسی ہراسانی، زبانی او جذباتی استحصال، دھونس، ہجومی برتاؤ، دھمکیاں اور تعاقب ان کی مخلتف شکلیں ہیں۔ وسائل کی فراہمی، یا خدمات کی رسائی سے انکار، اور آزادی و اختیار سے محرومی کی دیگر شکلیں بھی ان میں شامل ہیں۔
- **تشدد سے مرد و خواتین دونوں متاثر ہوتے ہیں، مگر خواتین کے متاثر ہونے کا تناسب بہت زیادہ ہے۔**
- تشدد سے مرد و خواتین دونوں متاثر ہوتے ہیں، مگر خواتین کے متاثر ہونے کا تناسب بہت زیادہ ہے۔
- اگر کوئی فرد صنف، یا جنس کی بنا پر تشدد کا شکار ہوتا ہے تو ایسے تشدد کو صنف پر مبنی تشدد کہا جاتا ہے۔
- معاشی حیثیت سے قطع نظر، ہر تیسری خاتون یا لڑکی کو اپنی زندگی میں تشدد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ملازمت کی دنیا سے تعلق رکھنے والے ہم سبھی- حکومتیں، کمپنیاں، ملازمین - کوباہمی احترام اور وقار پر مبنی ورک کلچر مہیا کرنے اور اسے قائم رکھنے کے لئے اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی۔

- یہ کنوینشن ملازمت کی دنیا میں امتیازی سلوک اورعدم مساوات سے مقابلے کا ایک با مقصد ٹول ہے۔
- اس کنوینشن میں کہا گیا ہے کہ حکومتیں، ملازمت اور پیشے میں، بشمول خواتین، تارکین وطن، معذورین، متعدد اور مشترک صنفی شناخت رکھنے والے افراد، سبھی کے لئے، رنگ و نسل، مقامی حیثیت، جنسی رجحان، اور صنفی شناخت سے قطعِ نظر، حقِ مساوات اور عدم امتیاز کو یقینی بنانے کے لئے قانون سازی کریں گی۔
- کنوینشن میں طے شدہ اصولوں کے مطابق ملازمت کی جگہوں پر خطرات کی تشخیص رویوں میں تبدیلی لانے میں مددگار ثابت ہوسکتی ہے، کیونکہ تشخیص میں صنف پر مبنی تشدد اور ہراسانی کے امکان کو بڑھانے والے عوامل (مثلا صنف، ثقافت اور معاشرتی اصول) کو مد نظر رکھا جاسکتا ہے۔
- اور کنوینشن 190 نے پہلی بار گھریلو تشدد کو بھی ایک ایسے عنصر کے طور پر شامل کیا ہے جو ملازمت اور ساتھ ہی ملازمین کی صحت و سلامتی کو متاثر کرتا ہے۔